# شرائط نیلامی شکار ماہی بابت چشمہ جھیل برائے سال 22-2021 تا 24-2023

1۔ ٹھیکہ ہٰذا کی میعاد، تاریخ اجراء لائسنس/پٹہ تا 31 اگست 2024 ہوگی۔

2۔ ٹھیکہ شکار ماہی چشمہ جھیل وسیم زدہ ایریا ڈاؤن سٹریم ملکیتی واپڈا ماسوائے ماڈل فش فارم جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام ہوگا۔

3۔ چشمہ جھیل کی سرکاری بولی سابقہ بولی کی رقم میں دس فیصد (10%) اضافہ کر کے مقرر ہوگی۔

4۔ ٹھیکہ میں حصہ لینے کے لئے بولی دہندہ کو سرکاری بولی کا دس فیصد (10%) بطور زر بیعانہ بصورت بینک ڈرافٹ/پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) آفیسر نیلام کنندہ کے پاس جمع کروانا ہوگی (چیک قابل قبول نہ ہوگا)۔ جو کہ ناکام بولی دہندہ کو موقع پر واپس کر دی جائیگی۔ جبکہ سب سے زیادہ بولی دہندہ کی رقم بطور زر بیعانہ ڈائریکٹر جنرل فشریز، پنجاب کی جانب سے بولی کی حتمی منظوری تک امانت تصور ہوگی۔ تاہم اگر کامیاب بولی دہندہ نے پہلی مجوزہ قسط کی بقیہ رقم بولی دہندہ کو تحریری درخواست پر آفیسر نیلام کنندہ سے منظوری لے کر بولی کی تاریخ سے پانچ ورکنگ ایام میں ادا کرنا ہوگی، پانچ یوم کے اندر جمع نہ کروائی تو زر بیعانہ کی رقم بحق سرکار ضبط کر کے مذکورہ پانی کو دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا۔

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

5۔ آفیسر نیلام کنندہ، بولی دہندہ کی طرف سے دیئے گئے بینک ڈرافٹ/پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کو متعلقہ بینک سے تصدیق کروانے کا پابند ہوگا۔ اور اس کے بوگس/جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

6۔ حتمی منظوری سے پہلے کوئی بھی شخص جو سابقہ نیلامی میں موجود نہ ہو، آخری بولی کی رقم نیلامی میں دس فیصد (10%) اضافہ کے ساتھ یعنی کل پیشکش کردہ رقم کا بینک ڈرافٹ/پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) جاری شدہ بنام متعلقہ آفیسر نیلام کنندہ، اپنی پیشکش کے ساتھ لف کر کے دوبارہ نیلامی کے انعقاد کے لئے ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب کو درخواست کر سکتا ہے۔ تاہم دیگر بولی دینے کے خواہشمند حضرات بھی پیشکش دہندہ کے مساوی رقم جمع کروا کر حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ واضح رہے کہ پیشکش کنندہ اگر نیلامی میں حصہ نہیں لیتا تو کاروائی نیلامی روکی نہ جائے گی اور اسکی پیش کش بولی تصور ہوگی۔ تاہم پیشکش کنندہ کے منحرف ہو جانے کی صورت میں اسکی جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائیگی۔

7۔ بولی کی منظوری میں تاخیر کے سبب، پانی و مچھلی کی کمی وبیشی کی صورت میں محکمہ پر قطعاً کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی نیز بولی دہندہ محکمہ سے کسی قسم کا ہرجانہ طلب کرنے یا میعاد ٹھیکہ بڑھانے کا مطالبہ کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

8۔ محکمہ فشریز پنجاب یا گورنمنٹ کے کسی قسم کے بقایادار/نادہندہ، بلیک لسٹ ٹھیکیدار/پٹہ دار یا وہ فرد جو سال رواں یا سابقہ سالوں میں کسی ٹھیکہ/پٹہ میں بولی سے منحرف یا رقم جمع کروانے سے قاصر رہا/رہے ہوں، بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا/ہوں گے۔

9۔ (الف) کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی کل رقم 9 اقساط میں ادا کرنا ہوگی۔ پہلی قسط کی رقم سیکیورٹی سے کم ہونے کی صورت میں جمع شدہ کل سیکیورٹی کی رقم پہلی قسط تصور ہوگی اور بقیہ رقم آٹھ برابر اقساط میں، بمطابق مندرجہ ذیل شیڈول ادا کرنا ہوگی۔

**پروگرام برائے ادائیگی رقم ٹھیکہ**

| | | |
|---|---|---|
| سال 22-2021 | پہلی قسط | برموقع نیلام ٹھیکہ |
| | دوسری قسط | تاریخ منظوری سے 2 ماہ کے اندر |
| | تیسری قسط | تاریخ منظوری سے 4 ماہ کے اندر |

Scanned with CamScanner

سال 23-2022 | پہلی قسط | 1 اگست 2022
--- | --- | ---
| | دوسری قسط | 1 اکتوبر 2022
| | تیسری قسط | 1 دسمبر 2022

سال 24-2023 | پہلی قسط | 1 اگست 2023
--- | --- | ---
| | دوسری قسط | 1 اکتوبر 2023
| | تیسری قسط | 1 دسمبر 2023

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

(ب) کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی پہلی قسط کی ادائیگی کے سات یوم کے اندر آفیسر مجاز ٹھیکہ / نیلام کنندہ کو کل ٹھیکہ کی رقم کا تینتیس فیصد (33%) گروی نامہ (Pledge Deed) / بینک گارنٹی دینا ہوگی۔ جو کہ ٹھیکہ کی مدت کے کامیاب اختتام پر واپس کر دی جائے گی۔

(ج) گروی نامہ (Pledge Deed)، رقم سیکیورٹی اور بنک گارنٹی کے عوض ٹھیکہ دار کسی قسم کے منافع یا مراعات کا حق دار نہ ہوگا۔

10۔ لائسنس / پٹہ برائے شکار ماہی بمطابق جدول ٹھیکہ کی پہلی قسط کی رقم کی ادائیگی کے بعد سالانہ کی بنیاد پر جاری کیا جائیگا۔ نیز دوران ٹھیکہ اگر ٹھیکیدار اپنی قانونی ذمہ داریاں پورا کرنے یا رقم ٹھیکہ کی ادائیگی سے قاصر رہا تو ٹھیکیدار کو اظہار وجوہ کا نوٹس دے کر اس کا ٹھیکہ شکار ماہی منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ جاری شدہ لائسنس / پٹہ بحق سرکار ضبط کر لئے جائیں گے اور رقم نادہندگی بطور مالیہ مجوزہ (Land Revenue Act) کے تحت وصول کی جائیگی۔

11۔ ٹھیکیدار موسم بندی یکم جون تا 31 اگست (ہر سال) کے دوران (ماسوائے کنڈی ڈوری کے)، جال سے شکار کرنے اور بمطابق پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 اور پنجاب فشریز رولز 1965 ممنوع اقسام مچھلی پکڑنے سے باز رہے گا۔

12۔ ٹھیکیدار نیلام شدہ پانی سے پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 اور پنجاب فشریز رولز 1965 میں دیئے گئے سائز سے چھوٹی مچھلی پکڑنے اور شکار ماہی کے لئے جو جال استعمال کرے گا اسکی آنکھ کا گھیرہ گرہ سے گرہ تک ڈیڑھ انچ یا کل گھیرہ چھ (6) انچ سے کم نہ ہوگا اور چھوٹے گھیرے دار جال کا استعمال ممنوع ہوگا۔ نیز ممنوعہ طریقہ ہائے فشنگ بشمول بذریعہ برقی آلات، نشہ آور اشیاء، بارود، وغیرہ سے شکار ماہی ممنوع ہوگا۔ بصورت دیگر اسکے خلاف پنجاب فشریز آرڈیننس / رولز کے مطابق کاروائی کی جاسکتی ہے۔

13۔ ٹھیکیدار / پٹہ دار محکمہ ماہی پروری صوبہ پنجاب کو کسی بھی وقت افزائش نسل و دیگر تحقیقی اور ترقیاتی مقاصد کے لئے نیلام شدہ پانی سے کسی بھی نسل کی زندہ مچھلیاں بلا معاوضہ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

14۔ حکومت پنجاب کی جانب سے مقرر کردہ انسپکٹر فشریز کسی شخص، کشتی، مچھلی، جال، لینڈنگ سینٹر، مچھلی کی ترسیل میں استعمال ہونے والی گاڑی اور دیگر سامان ہائے ماہی گیری کو چیک کرنے اور کسی قانونی شرائط ہائے ضابطہ کی خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔

15۔ ٹھیکیدار یا اس کے نمائندے سرکاری تنصیبات، پراپرٹی و آلات کو نقصان پہنچانے اور حکومتی اداروں کی روزمرہ سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے سے باز و ممنوع رہیں گے۔ خلاف ورزی کی صورت میں جملہ نتائج کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی۔ نیز جملہ نقصان کی تلافی بھی ٹھیکیدار کو کرنا ہوگی۔

16۔ ٹھیکہ دار نیلام شدہ پانی کو جزوی یا کلی طور پر دوبارہ نیلام/sublet کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

17۔ کسی موسمی / حیاتیاتی تبدیلی، آسمانی و ناگہانی آفات، دفاعی مقاصد، پانی و مچھلی میں کمی و بیشی کا محکمہ قطعی طور پر ذمہ دار نہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

18۔ کامیاب بولی دہندہ مذکورہ ٹھیکہ کی ہر سال میں جمع ہونے والی کل رقم پر گورنمنٹ کی طرف سے لاگو کردہ ایڈوانس انکم ٹیکس پہلی قسط کے ہمراہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز گورنمنٹ کی طرف سے لاگو کردہ کسی بھی وقت، کسی بھی قسم کے ایڈوانس انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند رہے گا۔

19۔ ٹھیکیدار/ پٹہ دار محکمہ فشریز سے NOC لینے والے کیج فش کلچرسٹ (Cage Fish Culturist) کو نیلام شدہ سرکاری پانی کے مختص ایریا میں کیج لگانے سے روکنے کا مجاز نہ ہوگا۔

20۔ ٹھیکیدار/ پٹہ دار سرکاری پانی کے مستقبل کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لئے مچھلی کی پیداوار و دیگر معلومات محکمہ کو دینے کا پابند ہوگا۔

21۔ کسی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر جنرل فشریز، پنجاب کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

ڈاکٹر سکندر حیات
ڈائریکٹر جنرل فشریز
پنجاب

میں/ ہم نے شرائط نیلامی ٹھیکہ/ پٹہ پڑھ/ سن لی ہیں۔ اور روبرو گواہان ان کو قبول کر کے بولی میں حصہ لیا ہے۔

| نمبر شمار | نام و پتہ بولی دہندہ | شناختی کارڈ نمبر | دستخط/ نشان انگوٹھا بولی دہندہ/ ٹھیکیدار/ پٹہ دار |
|---|---|---|---|
| | | | |

**گواہان**

| نمبر شمار | نام و پتہ | شناختی کارڈ نمبر | دستخط/ نشان انگوٹھا |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |

دستخط تصدیق کنندہ
اسسٹنٹ وارڈن فشریز ضلع

دستخط و مہر آفیسر نیلام کنندہ

Scanned with CamScanner